نیوز ریلیز

کووِڈ-19 کی ہدفی پابندیوں میں مرحلہ 2 کے تحت نرمی

مارچ 01، 2021ء

البرٹا احتیاط سے پابندی کو کم کرنے کے چار اقدام کے فریم ورک کے قدم نمبر 2 کی طرف بڑھے گا جبکہ صوبے بھر میں کووِڈ-19 کے پھیلاؤ کو محدود کرنے کیلئے سخت اقدامات کو برقرار رکھے گا۔

فوری طور پر مؤثر، چاردیواری میں فٹنیس اور لائیبریریوں کیلئے صحت کے تازہ ترین اقدامات نافذالعمل ہیں کیونکہ صحت کے نظام پر دباؤ کم ہے اور ہسپتالوں میں داخلے 450 سے اچھی طرح نیچے ہیں۔

صحت کے اہلکار کووِڈ-19 کے پھیلاؤ پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہیں۔ ایک احتیاطی اقدام کے طور پر، خوردہ فروشی، بچوں کی کھیلوں، ہوٹلوں، ضیافتوں، کمیونٹی ہالز اور کانفرنس سینٹرز کیلئے موجودہ پابندیوں میں تبدیلی مرحلہ 3 تک مؤخر کر دی گئی ہے۔

"ہم ایک محتاط رویہ اختیار کر رہے ہیں، یہ تسلیم کرتے ہوئے کہ فعال کیسز اور ہسپتالوں میں داخلے کم ہوئے ہیں، لیکن کووِڈ-19 کا خطرہ اب بھی حقیقی ہے۔ پچھلے کچھ ہفتوں میں البرٹنز کی سخت محنت کیلئے شکریہ جس کی بدولت، ہم یہ محفوظ قدم آگے بڑھا رہے ہیں۔ البرٹنز نے فرق پیدا کرنے کی اپنی صلاحیت کو ثابت کیا ہے، لہٰذا آئیے کیسوں کو کم کرنے میں اپنی کوششوں کو جاری رکھیں تاکہ وقت کے ساتھ ساتھ مزید پابندیوں کو کم کیا جا سکے، جیسے کہ البرٹا کی حکومت ویکسین کی فراہمی جاری رکھنے کیلئے آٹوا پر دباؤ ڈالتی رہے گی۔"

— *جیسن کینی، پریمیئر (Jason Kenney, Premier)*

"مجھے خوشی ہے کہ ہم ترقی کر رہے ہیں جبکہ ہم اسے یقینی بنا رہے ہیں کہ ہمارا صحت کا نظام چلنا جاری ہے اور البرٹنز کو وہ نگہداشت فراہم کر رہا ہے جس کی انہیں تلاش اور ضرورت ہے۔ ہم اپنے کمی کے رحجانات کو برقرار رکھنے کیلئے اور پابندیوں کو کم کرنے کیلئے مستحکم طریقہ کار اپنا رہے ہیں۔ آنے والے ہفتوں میں، ہم سب ایک دوسرے کو محفوظ رکھنے اور ہسپتالوں میں داخلوں کو نیچے لانے کیلئے لازمی طور پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔"

— *ٹائلر شینڈرو (Tyler Shandro)، وزیرِ صحت*

"ہم نے ترقی کی ہے اور یہ پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہے کہ ہم صحت سے متعلقہ اقدامات کی پاسداری کریں اور کیسز کو بڑھنے سے روکنے کیلئے اپنی اجتماعی کوششوں کو جاری رکھیں۔ ہمارے روزمرہ کے انتخابات اہم ہیں اور ہمیں لازمی طور پر چوکنّا رہنا چاہئے اور ماسک پہننے چاہئیں، جسمانی فاصلہ برقرار رکھنا چاہئے، اور جب ہم بیمار ہو جائیں تو ہمیں گھر پر رہنا چاہئے۔"

— *ڈاکٹر ڈینا ہنِشا (Dr. Deena Hinshaw)، چیف میڈیکل آفیسر آف ہیلتھ*

چار دیواری میں ماسک پہننا اور جسمانی فاصلہ رکھنے کی ضروریات اس قدم بہ قدم طریقے میں برقرار رہیں گی، اور ہر قدم کے اندر اندر تمام سرگرمیوں پر پابندیاں کچھ حد تک ابھی بھی لاگو رہیں گی۔

مرحلہ 2: ہسپتال میں داخلوں کا معیار – 450 اور اس سے کم ہوتا ہوا

لائیبریریاں

- یہ سہولیات اب کُھل سکتی ہیں لیکن فائرکوڈ آکیوپینسی کی صلاحیت کو لازماً 15 فیصد تک محدود رکھنا چاہئے، اس میں عملہ شامل نہیں ہے۔

انڈور فٹنیس (آؤٹ ڈور فٹنیس میں کوئی تبدیلی نہیں):

- غیر نگرانی شدہ کم شدت والے فرد اور گروپ میں ورزشوں کو اب صرف اپوائنٹمینٹ کے ذریعہ اجازت ہے۔
- ہر وقت حصہ لینے والے افراد کے درمیان تین میٹر کا لازمی جسمانی فاصلہ ضروری ہے، بمع کوچ اور ٹرینرز، اور ٹرینرز اور کم شدت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے والے ہر وقت لازمی طور پر ماسک پہنیں رکھیں۔
- تمام انڈور فٹنیس لازماً پہلے سے رجسٹر شدہ ہونی چاہئیں – کسی ملاقاتی کی اجازت نہیں ہے۔
- کم شدت والی ورزشیں بمع ویٹ لفٹنگ، کم شدت والی ڈانس کلاسیں، یوگا، بار اور انڈور چڑھائی، کے ساتھ ساتھ کم شدت کا ٹریڈ ملز، بیضوی اور متعلقہ آلات کا استعمال۔
- زیادہ شدت والی سرگرمیاں، جن میں دوڑنا، اسپن اور زیادہ شدت کی وقفے والی تربیت شامل ہے، ان کی صرف ایک سے ایک ٹرینر کی بنیاد پر اجازت جاری رہے گی، یا گھریلو اور ایک ٹرینر کی ٹریننگ ہوگی۔

موجودہ پابندیوں پر اضافی تفصیلات کا خاکہ alberta.ca پر دیا گیا ہے۔

کووِڈ-19 کے پھیلاؤ کا اندازہ لگانے کیلئے کم از کم تین ہفتوں کے بعد مرحلہ 3 کے بارے میں فیصلہ کیا جائے گا۔ کیسز اور نمو پر مبنی اعداد و شمار، بمع مختلف کیسز، کی نگرانی کی جارہی ہے اور انہیں مزید اقدامات کو روکنے یا امکانی طور پر پابندیوں میں اضافے کی ضرورت کے بارے میں کسی بھی فیصلوں میں رہنمائی کیلئے استعمال کیا جائے گا۔

البرٹا کی حکومت خط منحنی کو موڑنے کیلئے، چھوٹے کاروباروں کو برقرار رکھنے اور البرٹا کی صحت کی نگھداشت کے نظام کی حفاظت کیلئے درست اقدامات کے ذریعے زندگیوں اور ذرائع معاش کا تحفظ کرتے ہوئے کووِڈ-19 وبائی مرض کا جواب دے رہی ہے۔

متعلقہ معلومات

- آگے کا راستہ

ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں

میڈیا انکوائریز

جیریکا گڈوِن (Jerrica Goodwin)
587-988-3278
پریس سیکریٹری، آفس آف دی پریمیئر

ٹام میکملن (Tom McMillan)
780-422-4905
اسسٹینٹ ڈائریکٹر آف کمیونیکیشنز، ہیلتھ

مزید سرکاری ترجمہ شدہ وسائل کیلئے، براہِ کرم ملاحظہ کریں: *https://www.alberta.ca/covid-19-translated-resources.aspx*